© rasailojaraid.com



# مطبوعات

**عربی کا معلم (۳ حصے)** | مؤلفہ مولوی عبدالستار خاں صاحب۔ قیمت: حصہ اول ۴ر، حصہ دوم ۳ر، حصہ سوم ۸ر۔

ملنے کا پتہ: مولوی عبدالستار خاں وانباڑہ ۔ ۸۰ ہانگ کانگ منشن بھنڈی بازار، بمبئی نمبر ۳۔

اس مقبول عام عربی آموز کتاب پر پہلے ترجمان القرآن میں تبصرہ ہو چکا ہے اور مولوی عبدالستار خاں صاحب کی یہ کوشش ہندوستان بھر کے علماء و ادبا اور اساتذہ سے خراج تحسین وصول کر چکی ہے۔ اب مزید کسی اظہار رائے کی ضرورت نہیں۔

یہ کتاب کا تازہ ترین چوتھا اڈیشن ہے۔

**کلید جدید برائے عربی کا معلم (۳ حصے)** | مؤلفہ مولوی عبدالستار خاں صاحب۔ قیمت حصہ اول ۵ر، دوم ۵ر، سوم ۱۰ر۔

ملنے کا پتہ: مولوی عبدالستار خاں وانباڑہ ۔ ۸۰ ہانگ کانگ منشن بھنڈی بازار، بمبئی نمبر ۳

یہ کلید ان لوگوں کے لیے ہے جو عربی کے قواعد پر بغیر کسی استاد کے محض "عربی کا معلم" کے مطالعہ سے عبور حاصل کرنا چاہیں۔ اس میں قواعد کو محفوظ کرنے کے لیے مفید مشقیں مرتب کی گئی ہیں۔

**عربی کا نیا قاعدہ (دو حصے)** | مؤلفہ مولوی عبدالستار خاں صاحب۔ قیمت حصہ اول ۲ر، دوم ۳ر

ملنے کا پتہ :۔ مذکورہ بالا۔

اس قاعدہ کی خصوصیت صرف یہ ہے کہ اس کے پہلے حصہ میں جوڑ کے سارے قاعدے واضح کرنے کے لیے سالم اشکالِ حروف سے بننے والے الفاظ جمع کیے گئے ہیں اور حروف کے شوشوں کا استعمال حصہ دوم میں کیا گیا ہے، تاکہ بچہ ابتدا میں الجھے نہیں۔

**نشری تقاریر** | از جناب مولوی عبدالرحمن خاں صاحب۔ پرنسپل جامعہ عثمانیہ، حیدرآباد دکن۔ قیمت مجلد عہ کلدار۔

ملنے کا پتہ :۔ ادارہ نشریات اردو، حیدرآباد ۔ دکن۔

یہ وہ ۱۵ تقاریر ہیں جو سائنس سے تعلق رکھنے والے مختلف موضوعات پر مؤلف نے حیدرآباد کی نشرگاہ سے پیش کی ہیں۔ ان میں پڑھنے والے کے لیے اچھی معلومات جمع ہیں۔

© rasailojaraid.com